ilmkidunya
علم کی دنیا

Urdu - 5th Class Urdu Chapter 5 Short Questions Test

Q1. ہرمزان نے سزا سے بچنے کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا اور کیوں.

Ans 1: ہرمزان نے سزا سے بچنے کے لیے زمین پر پانی پھنک دیا، کیوں کہ خلیفہ نےوعدہ کرلیا تھا کہ تمھیں پانی پینے سے پہلے قتل نہیں کیا جائے گا.

Q2. وعدہ پورا کرنا کیوں ضروری ہے.

Ans 1: وعدہ پورا کرنا اس لیے ضروری ہے کہ اللہ تعالی اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم انے عہد پور کرنے کی تلقین اور تاکید کی ہے. اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا. اور عہد کی پابندی کرو کیوں کہ عہد کے بارے میں تم سے سوال ہوگا. نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. جو وعدہ پورا نہیں کرتا اس کا کوئی دین نہیں ہوتا.

Q3. سبق کے مطابق یہ جملہ کس نے کہا. دادا جان اج اپ کن سی کہانی سنائیں گے.

Ans 1: دانش نے پوچھا.

Q4. ہرمزان کون تھا اور اسےکس خلیفہ کے دربار میں پیش کیا گیا.

Ans 1: ملک ایران کے ایک صوبے کے حاکم کا نام ہرمزان تھا. ہرمزان جنگی قیدی کی حیثیت سے خلیفہ وقت کے دربار میں پیش کیا گیا.

Q5. میں نے احمد کی کتاب آج واپس کرنے کا وعدہ کیا تھا.

Ans 1: فراز نے کہا

Q6. جب تک میں یہ پانی نہ پی لوں اپ مجھے قتل نہیں کروائیں گے.

Ans 1: ہرمزان نے یہ جملہ کہا.

Q7. حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے دونوں نوٴجوانوں آور صحآبی رضی اللہ تعالی کے لیے دعا کیوں فرمائی.

Ans 1: دونوں نوجوانوں نے قتل کرنے والے شخص کو معاف کردیا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالی نہ نے دونوں نوجوانوں کی ضمانت دینے والے صحابی رضی اللہ عنہ کے لیے دعا فرمائی.

Q8. پہلے تم نے انکار کیا اور اب اسلام قبول کررہے ہو.

Ans 1: خلیفہ نے کہا

Q9. میرے سوا ان کی دیکھ بھال کرنے والا اور کوئی نہیں.

Ans 1: پتھرمارنے والے شخص نے کہا

Q10. کس صحابی رضی اللہ تعالی عنہ نے قتل کرنے والے شخص کی ضمانت دی اور اس شخص کا کیا انجام ہوا.

Ans 1: ایک بزرک صحآبی ابو زر غفاری رجی نے قتل کرنے والے شخص کی ضمانت دی . وہ شخص اپنے وعدہ کے مطابق واپس آگیا اور اسے معاف کردیا گیا.